خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی (۳۹)

☆ صدر ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی کتاب 'عورت اسلامی معاشرے میں' ان کی سب سے مقبول تصانیف میں سے ہے۔ اس کے مقبول عام ہونے کا مظہر یہ ہے کہ اب تک ہندوستان سے اس کے تیرہ ایڈیشن چھپ چکے تھے۔ اب مصنف نے اس پر نظر ثانی کی، اس میں جا بہ جا اضافے کیے اور اسے از سر نو مرتب کیا ہے۔ اس کا چودھواں ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے خوب صورت طباعت اور دیدہ زیب سرورق کے ساتھ منظر عام پر آیا ہے۔ صفحات: ۴۳۲، قیمت: -/۱۶۰ روپے (مجلد)

☆ مولانا عمری کی ایک دوسری تصنیف 'عورت اور اسلام' کو کافی مقبولیت حاصل ہے۔ اس کا ترجمہ انگریزی، ہندی اور گجراتی زبانوں میں بہت پہلے ہو چکا تھا۔ اب تامل ناڈو کے مشہور اشاعتی ادارہ 'اسلامک فاؤنڈیشن ٹرسٹ' چنئی نے اس کا تمل ترجمہ بڑی آب و تاب اور دیدہ زیب طباعت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ ص: ۲۲۴- قیمت -/۸۰ روپے۔ چنئی کے ایک کثیر الاشاعت روز نامہ 'دینا ملر' کے یکم جنوری ۲۰۱۱ء کی اشاعت میں اس پر تبصرہ شائع ہوا تو وزیر اعلیٰ تمل ناڈو جناب کروناندھی نے اس کے مطالعہ کی خواہش کی اور اپنے دفتر کے ایک ملازم کو بھیج کر اس کے چند نسخے حاصل کیے۔

☆ حلقہ کرناٹک میں ۲۳ تا ۳۰ جنوری ۲۰۱۱ء خواتین سے متعلق ایک روزہ ضلعی کانفرنسیں مختلف اضلاع میں منعقد کی گئیں۔ اس کا مرکزی موضوع تھا: 'مثالی خاتون۔ مستحکم خاندان اور صحت مند معاشرہ کی ضامن'۔ اس مناسبت سے 'عورت اور اسلام' اور اس کے انگریزی ترجمہ کے ایک ایک ہزار نسخے خصوصی طور سے چھپوائے گئے اور مہم کے دوران تقسیم کیے گیے۔

☆ مولانا عمری کی کتاب 'انسان اور اس کے مسائل' کی تالیف کو اگرچہ نصف صدی سے زائد عرصہ گزر چکا ہے، لیکن اپنے مباحث کی اہمیت، اسلوب کی شگفتگی اور سلاست اور پر زور اندازِ بیان کی وجہ سے وہ دعوتی لٹریچر کی اہم کتاب ہے۔ اس کی

مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اب تک اس کے آٹھ ایڈیشن شائع ہوچکے تھے۔ مصنف کی نظر ثانی کے بعد اب مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نے اس کا نواں ایڈیشن شائع کیا ہے۔ صفحات: ۹۶، قیمت-/۴۰ ۔ اس کا انگریزی ترجمہ بھی Islamic solution to Human Issues کے نام سے ہوگیا ہے۔ صفحات:۱۰۴، قیمت:-/۵۰ روپے۔ترجمہ انگریزی کے مشہور استاذ پروفیسر یو۔محمد اقبال کے قلم سے ہے۔

☆ حال میں مولانا عمری کی متعدد تصانیف کے ہندی ترجمے منظر عام پر آئے ہیں: ۱- اسلام- مانو ادھیکاروں کارکشک ،صفحات: ۱۳۶، قیمت-/۵۰ روپے۔۲-مسلمان عورتوں کی ذمہ داریاں۔صفحات: ۵۶، قیمت-/۲۰ روپے۔۳-بھارت میں اسلام کی دعوت کی اہمیت اور اس کے تقاضے،صفحات: ۲۴، قیمت-/۱۴روپے۔ان کتابوں کو مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

☆ ۳۰/ دسمبر۲۰۱۰ء کو پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی نے ایک توسیعی خطبہ بہ عنوان 'عہد نبوی کا تمدن' دیا،جس کی صدارت پروفیسر محمد نجات اللہ صدیقی نے فرمائی۔اس پروگرام میں اے ایم یو سے وابستہ تقریباً سو اہلِ علم شریک ہوئے۔

☆ ادارہ کے 'رائٹرس فورم کے تحت ایک پروگرام کا انعقاد ہوا،جس میں مولانا شیخ شوکت ندوی نے اپنا مقالہ بہ عنوان 'مسالک کے درمیان اتحاد۔ وقت کی اہم ضرورت' پیش کیا۔ یہ پروگرام ۳۱/جنوری۲۰۱۱ء کو بعد نماز مغرب ادارہ کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔

☆ منتظم ادارہ نے تحقیقات اسلامی کے فروغ و اشاعت اور ادارہ کے لیے فنڈ فراہمی کی غرض سے ممبئی اورکوکن کا دورہ کیا۔الحمدللہ اس دورے کے کسی قدر مفید نتائج برآمد ہوئے۔ادارہ ان سبھی معاونین کا شکر گزار ہے جنھوں نے کسی بھی طور پر تعاون فرمایا۔اللہ انہیں جزائے خیر دے۔امید ہے کہ مستقبل میں بھی بہی خواہانِ ادارہ اس سے مزید آگے بڑھ کر دستِ تعاون دراز فرمائیں گے۔